NHS Greater Glasgow and Clyde

آپ کی وہیل چیئر - شرائط و ضوابط
(Your Wheelchair – Terms and Conditions – URDU)

ویسٹ آف اسکاٹ لینڈ موبلٹی اینڈ ریہبلیٹیشن سینٹر(WestMARC)
کوئین الزبتھ یونیورسٹی ہاسپیٹل
1345 گواہن روڈ
گلاسگو G51 4TF

ٹیلیفون: 0300 790 0129

ای میل: westmarc@ggc.scot.nhs.uk

mi •304365 v2.0

تاریخ نظر ثانی:دسمبر 2022

یہ کتابچہ آپ کی این ایچ ایس وہیل چیئر کے استعمال اور دیکھ بھال کے لیے شرائط و ضوابط کا تعین کرتا ہے۔

- یہ وہیل چیئر آپ کو مستعار دی گئی ہے اور یہ ویسٹ آف اسکاٹ لینڈ موبلٹی اینڈ ری ہیبلیٹیشن سنٹر کی ملکیت ہے۔ **WestMARC [ویسٹ مارک]**
- کسی بھی نقصان یا چوری کی صورت میں آپ وہیل چیئر کے متبادل کی قیمت کے ذمہ دار ہوں گے۔
- ہمار پرزور مشورہ ہے کہ آپ آگ، چوری، نقصان یا حادثاتی نقصان کے خلاف وہیل چیئر کی انشورنس کے تحفظ کا بندوبست کریں۔
- وہیل چیئر کی وجہ سے این ایچ ایس کسی تیسرے فریق کو پہنچنے والے نقصان کی ذمہ دار نہیں ہے۔
- آپ کو ہر وقت وہیل چیئر کو اچھی حالت میں رکھنا چاہئے اور اس کو باقاعدگی سے صاف کرنا چاہئے اور اسے اپنے خرچ پر تیل دینا چاہیے۔
- آپ کو وہیل چیئر کو نقصان سے بچانے کی کوشش کرنی چاہیے اور استعمال میں نہ ہونے پر اس کو محفوظ اور خشک ماحول میں رکھنا چاہیے۔
- صرف آپ ہی کو وہیل چیئر استعمال کرنی چاہیے۔

آپ کو یہ کام نہیں کرنے چاہیں:

- WestMARC سے تحریری اجازت حاصل کیے بغیر وہیل چیئر میں کسی بھی طرح کی ترمیم کرنا۔
- وہیل چیئر کو اس مقصد جس کے لیے یہ فراہم کی گئی ہے کے علاوہ کسی دیگر مقصد کے لیے استعمال کرنا۔
- وہیل چیئر کسی دوسرے شخص کو ادھار دینا۔
- مناسب انشورنس کور کے بغیر وہیل چیئر کو بیرون ملک لے کر جانا۔

WestMARC کال سینٹر

- اگر آپ کو وہیل چیئر کی مزید ضرورت نہ ہو تو براہ کرم WestMARC کال سینٹر کو **0300 790 0129** پر فون کریں اور ہم اس کو اٹھانے کا بندوبست کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ کو نقل و حرکت کے جائزے کی ضرورت ہے تو مہربانی فرما کر اپنی ضروریات پر بات کرنے کے لیے WestMARC کال سینٹر کے ساتھ **0300 790 0129** پر رابطہ فرمائیں۔

وہیل چیئر کی مرمت

- WestMARC آپ کی وہیل چیئر کی کسی بھی مرمت کے ذمہ دار ہیں۔
- WestMARC سے تحریری اجازت کے بغیر کسی بھی مرمت کا انتظام نہ کریں۔
- غلط استعمال یا غفلت کی وجہ سے ہونے والے مرمت کے اخراجات آپ کو پورا کرنے کی ضرورت ہو گی۔
- آپ **0300 790 0129** پر ٹیلی فون کر کے WestMARC سے براہ راست وہیل چیئر کی مرمت کی درخواست کر سکتے/سکتی ہیں (عام کھلنے کے اوقات صبح 8.45 بجے سے شام 4.15 بجے تک ہیں - پیر تا جمعہ)۔
- فوری مرمت کام کے ایک دن کے اندر اندر مکمل کی جائے۔
- معمول کی مرمت کا کام عام طور پر پانچ اوقات کار کے دنوں میں مکمل کیا جائے گا۔
- اگر آپ کی چیئر غیر صحت بخش حالت میں پائی گئی تو WestMARC کا عملہ مرمت کرنے سے انکار کر سکتا ہے۔
- اگر کسی ہنگامی صورت حال میں آپ کی وہیل چیئر WestMARC کے کھلنے کے اوقات سے باہر خراب ہو جائے تو آپ اس کی معمولی مرمت کا بندوبست کر سکتے ہیں جو £25.00سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔
- خرچ کردہ لاگت کی ادائیگی کے لیے آپ کو WestMARC کے آپریشنل سروسز مینیجر کو رسیدیں بھیجنی چاہئیں، یا فرم سے کہیں کہ وہ WestMARC میں آپریشنل سروسز مینیجر کو رسید بھیج دیں۔

اگر آپ کی چیئر کسی بھی قسم کے حادثے میں ملوث ہو یا اس کو نقصان پہنچا ہو یا کھو گئی ہو تو آپ کو **0300 790 0129** پر WestMARC کال سینٹر کو ٹیلی فون کر کے فوری طور پر WestMARC سے رابطہ کرنا چاہیے۔

آپ کو اپنے پتے یا ٹیلی فون نمبر کی کسی بھی تبدیلی کے بارے میں WestMARC کو بتانا چاہیے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ WestMARC کو آپ سے رابطہ کرنے کی ضرورت پیش آئے۔ اپنی تفصیلات کی تجدید کے لیے براہ کرم WestMARC کال سینٹر سے **0300 790 0129** پر رابطہ کریں۔